PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

عثمان شنواری ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 میں لاہور قلندرز کی نمائندگی کریں گے

- امام الحق، شان مسعود، سلمان بٹ، جنید خان اور عمر امین کو ریلیگیٹ کرنے کی درخواستیں کامیاب

لاہور،30نومبر 2019:

بائیں ہاتھ کے فاسٹ باؤلر عثمان شنواری ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020کے لیے ایک سے دوسری ٹیم میں ٹرانسفر ہونے والے پہلے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ فاسٹ باؤلر آئندہ ایڈیشن میں لاہور قلندرز کی نمائندگی کریں گے۔عثمان شنواری نے گذشتہ ایڈیشن میں کراچی کنگز کی نمائندگی کی تھی۔

ایونٹ کے قوانین کے مطابق اگر کسی ٹیم کی جانب سے اپنے کسی کھلاڑی کو ریلیگیٹ کرنے کی درخواست کو منظور کرلیا گیا ہوتو پھر اسے دیگر ٹیموں کے ساتھ شیئر کیا جاتا ہے۔ جس کے بعد دیگر ٹیمیں کھلاڑی کو اس کی اوریجنل کٹیگری میں رکھنے کی آفر کرسکتی ہیں۔ اگر کوئی ٹیم کھلاڑی کو اس کی اوریجنل کٹیگری میں رکھنے کی آفر کرے تو کھلاڑی کو ریلیگٹ کرنے کی درخواست کرنے والی ٹیم اپنے کھلاڑی کو اس کی اوریجنل کٹیگری میں ہی ری ٹین یا آفر کرنے والی ٹیم کو ٹرانسفر کرسکتی ہے۔

اس موقع پر کراچی کنگز کی جانب سے عثمان شنواری کو ریلیگیٹ کرنے کی درخواست کی گئی جس پر لاہور قلندرز نے اسے کامیاب طریقے سے میچ کیا۔اس بنیاد پر عثمان شنواری کو ڈائمنڈ کٹیگری کے لیے لاہور قلندرز میں ٹرانسفر کردیا گیاہے۔

دیگرپانچ کھلاڑیوں کی ریلگیشن کے لیے کامیاب درخواستیں کی گئی جن میں امام الحق(پشاور زلمی، ڈائمنڈ سے گولڈ)، جنید خان (ملتان سلطانز، ڈائمنڈ سے گولڈ)،سلمان بٹ (لاہور قلندرز،گولڈ سے سلور)،شان مسعود (ملتان سلطانز، گولڈ سے سلور) اور عمر امین(پشاور زلمی،گولڈ سے سلور)۔

لہٰذاامام الحق، جنید خان، سلمان بٹ، شان مسعود اور عمر امین کی کٹیگری ایک درجہ کم

کردی گئی ہے۔

2016 ایڈیشن میں شرکت نہ کرنے والے فاسٹ باؤلر عثمان شنواری ایچ بی ایل پی ایس ایل کے دیگر تمام ایڈیشنز کاحصہ رہے ہیں۔

4نومبر سے شروع ہونے والی ٹرانسفر / ری ٹینشن ونڈو یکم دسمبر کو بند ہوگی۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے بارے میں:

- ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے لیے رجسٹریشن ونڈو 21 نومبر کو بند ہوچکی۔
- پانچ کٹیگریز: پلاٹینم، ڈائمنڈ، گولڈ، سلور اور ایمرجنگ۔
- ہر اسکواڈ میں کم از کم 16 اور زیادہ سے زیادہ 18 کھلاڑی شامل ہوں گے۔ اسکواڈ میں شامل کھلاڑیوں کی ترتیب کچھ یوں ہیں: تین پلاٹینم، تین ڈائمنڈ، تین گولڈ، پانچ سلور، دو ایمرجنگ اور دو سپلمنٹری(اختیاری)۔
- ہر فرنچائز کو پہلی 9 باریوں میں 3 غیرملکی کھلاڑیوں کو پک کرنا ہوگا۔
- 16 رکنی اسکواڈ میں 11 مقامی اور 5 غیرملکی کھلاڑیوں کی شمولیت لازمی ہوگی تاہم 18 رکنی اسکواڈ میں کھلاڑیوں کی ترتیب 2 آرڈر میں کی جاسکتی ہے۔اسکواڈ میں یا تو 12 مقامی اور 6 غیرملکی کھلاڑی ہوں گے یا پھر 13 مقامی اور 5 غیرملکی کھلاڑی شامل ہوں گے۔
- پلیئنگ الیون میں کم از کم 3 اور زیادہ سے زیادہ 4غیرملکی کھلاڑیوں کی شرکت لازمی ہوگی۔
- ہر فرنچائز گذشتہ اسکواڈ میں شامل 8 کھلاڑیوں کو برقرار رکھ سکتی ہے جس کے لیے ری ٹینشن ونڈو یکم دسمبر کو بند ہوگی۔
- ہر فرنچائز ایک کھلاڑی کوایمبسڈر ز اور ایک کو مینٹورز مقرر کرسکتی ہے، ری ٹینشن کے موقع پر ان کی کٹیگری میں ایک درجے تنزلی کی جاسکتی ہے۔
- ڈرافٹ دسمبر کے پہلے ہفتے میں ہوگا جس میں ہر فرنچائز کو پہلی 9 باریوں میں 3 غیرملکی کھلاڑیوں کو پک کرنا ہوگا۔
- نظرثانی شدہ سیلری کیپس:
  - پلاٹینم: 23 ملین - 34 ملین پاکستانی روپے(147 ہزار تا218 ہزارامریکی ر ڈالر)
  - ڈائمنڈ:11.5 ملین - 16 ملین پاکستانی روپے(73 ہزار تا103 ہزارامریکی ر ڈالر)
  - گولڈ: 6.9ملین - 8.9ملین پاکستانی روپے(44ہزار تا58 ہزارامریکی ر ڈالر)

- سلور: 2.4 ملین - 5.4ملین پاکستانی روپے(15 ہزار تا35 ہزارامریکی ر ڈالر)
- ایمرجنگ: 1ملین - 1.5ملین پاکستان روپے(6.5ہزار تا9.5 ہزارامریکی ر ڈالر)

- اختیاری سپلمنٹری راؤنڈ کا بجٹ کیپ 19 ملین روپے (120ہزار امریکی ڈالر) مختص کیا گیا ہے-ہر ٹیم کو اس راؤنڈ میں 2 کھلاڑیوں کے انتخاب کا اختیار ہوگا
- ایونٹ کے شیڈول کا اعلان جلد کردیا جائے گا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners